29-Oct-12

پریس ریلیز

عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ انٹرنیشنل کی جانب سے اجتماعی قربانی میں سیکڑوں جانور کی اجتماعی قربانی لاکھوں کلو گوشت حصہ داروں اور مستحقین میں تقسیم۔

کراچی۔(پ۔ر) عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ انٹرنیشنل کی جانب سے ہر سال کی طرح اس سال بھی عیدالاضحیٰ کے موقع پر اجتماعی قربانی کا اہتمام کیا گیا جس میں **6500** جانورں کی قربانی کی گئی۔ مذکورہ جانوروں کی بکنگ دو ماہ پہلے شروع کی گئی تھی اور کراچی اور اسلام آباد سے ہزاروں حصہ داروں نے جانوروں کی قربانی میں حصہ لیا۔عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ انٹرنیشنل قربانی منفرد انداز میں کمپیوٹرائز دسسٹم کے ذریعے انجام دیتا ہے جس میں مخصوص کردہ سلاٹس میں حصہ داروں کے اپنے نام سے قربانی ادا کی جاتی ہے اور انہی سلاٹس سے مختص کردہ گوشت انتہائی نفاست اور عمدگی سے بنا کر دیا جاتا ہے۔اس بار اس اجتماعی قربانی آپریشن کے ذریعے تقریباً دو لاکھ گرام گوشت حاصل ہوا۔

عیدالاضحیٰ کے موقع پر عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ انٹرنیشنل کی ایک اور خصوصی کاوش ہزاروں سفید پوش مستحق خاندانوں میں گوشت کی تقسیم ہے جو کہ ایک خاص ٹوکن سسٹم کے تحت کی جاتی ہے جس میں معززین شہر، ڈونرز اور مختلف آبادیوں میں ہزاروں ٹوکن تقسیم کردیے جاتے ہیں جبکہ ٹوکن کے حامل افراد خود قربانی کی استطاعت نہیں رکھتے عید کے تینوں دنوں میں قربانی کا گوشت حاصل کرتے ہیں۔اس ضمن میں ترجمان شکیل دہلوی نے بتایا کہ تقریباً ایک لاکھ کلو گوشت صرف اس ٹوکن سسٹم کے تحت مستحقین میں تقسیم کیا گیا ہے۔اسی طرح عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ کی جانب سے قربانی کی کھالیں جمع کرنے کا بھی اہتمام کیا جاتا ہے جبکہ پورے شہر کے ساتھ ساتھ اس برس ملیر کنٹونمنٹ کے اسٹیشن ہیڈ کوارٹر کی جانب سے عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ کو فوجی چھاونی کے رہائشی علاقہ جات کی کھالیں جمع کرنے کی پیشکش بھی کی گئی جسے الحمدللہ تسلی بخش طریقہ سے پورا کیا گیا۔کھالوں سے حاصل ہونے والی آمدنی سے ہزاروں مستحقین کا علاج، نادار بچوں کی تعلیم اور غریب بچیوں کی شادی میں تعاون کیا جاتا ہے۔

#

شکیل دہلوی

ڈائریکٹر تعلقات عامہ

0333-2111645